مگر ماہرانہ انداز میں لکھ دی ہے۔عربی زبان سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق رکھنے والوں کے لئے یہ ایک مفید پیشکش ہے۔اس کتاب کی اشاعت کے تمام اخراجات مصنف نے خود برداشت کئے ہیں اوراب وہ اسے ضرورت مندوں میں ہدیتاً تقسیم کررہے ہیں۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس کاوش کوشرفِ قبولیت سے نوازے اورتوشۂ آخرت بنائے۔کتاب کی کمپوزنگ معیاری اورکاغذعمدہ ہے۔جلدخوبصورت اورمضبوط ہے۔

(۲)

نام کتاب : شرح شمائل ترمذی جلددوم

مصنف : مولاناعبدالقیوم حقانی

ضخامت:582 صفحات ...... قیمت :درج نہیں

ملنے کا پتہ:القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آبادنوشہرہ

شمائل ترمذی حدیث کی معروف کتاب ہے' جس میں رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے معمولات بیان کئے گئے ہیں۔ہرمسلمان کی یہ خواہش ہے کہ اسے رسول اللہ ﷺ کی عاداتِ شریفہ اور پسندوناپسند کاعلم ہو۔یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کوقبولِ عام کاشرف حاصل ہوااوراس کی بہت سی شروح لکھی گئیں۔زیرِتبصرہ کتاب شرح شمائل ترمذی کی دوسری جلد ہے۔اس کے مصنف تجربہ کار مدرس اور ہردلعزیز عالمِ دین ہیں اوراللہ تعالیٰ نے ان کوحسنِ تحقیق اورتصنیف و تالیف کی صلاحیت سے نوازا ہے۔

شرح شمائل ترمذی جلددوم ۲۶ ابواب پر مشتمل ہے۔ہرباب رسول اللہ ﷺ کے سیرت و کردار کے کسی ایک پہلو کے متعلق احادیث کی تشریح پر مشتمل ہے۔اس کتاب کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ تدریس کے انداز میں لکھی گئی ہے جوعام قارئین کے لئے معلومات فراہم کرتی ہے اوردین کے طالب علموں کے لئے استاد کا کام دیتی ہے۔ہرحدیث کے راویوں کے مختصر حالات' مشکل الفاظ کے معانی و مطالب اور پھر حدیث کا بامحاورہ ترجمہ تفہیم کے لئے آسانی پیدا کرتا ہے۔اس کتاب کا مطالعہ پڑھنے والے کے دل میں مسنون اعمال کو اختیار کرنے کا جذبہ پیدا کرے گا جس سے حسنِ عمل کی توفیق عاقبت کی بھلائی پر منتج ہوگی۔

کتاب معنوی خوبیوں کے علاوہ حسنِ ظاہری سے بھی مزین ہے۔ٹائٹل خوبصورت اور جلدمضبوط ہے۔